زخم کے خارجی مادہ کے جذب ہو جانے سے پیدا ہوتا ہے - اور خصوصاً اُس حالت مین جب مادہ مین شدّت کی چوٹ پہنچی ہو اور وہ مُردار ہو گیا ہو یعنے جب سَلف کی موجودگی شدت سے ہو - ٹمپریچر یعنے جسم کی حرارت ایک سَو دو سے ایک سَو پانچ تک مگر اس سے زیادہ نہین بڑہتی - اس حالت کو پائی رکسی آ کہتے مین -

سوم - سیپ ٹی کی می آ یا سیپ ٹی سی می آ ایک شدید قسم کا مرض ہے جسکے ساتھہ بخار موجود رہتا ہے اور خون مین زخم کے سڑے مادہ کے جذب ہو جانے سے ہوتا ہے جیسا کہ سیپ جیین کہ خاص قسم کے بیک ٹی ری آ پڑ گئے ہون اور جو صرف مریض کے خون ہی کو نہین بگاڑ دیتا بلکہ اور جانورون کے جسم مین بہی اِن آکیولیشن کے وسیلہ سے پہیل جانے کی طاقت رکہتا ہے - یہ مرض بعض اوقات اندرونی اعضا مین سے † ما س ٹاٹک یا نانیا - پہوڑے پیدا کرتا ہے تب اسکو پائی می آ کہتے مین - لہٰذا ہم پائی می آ اور سیپ ٹی کی می آ کے صرف درجون مین فرق سمجھتے مین کیونکہ پائی می آ سیپ ٹی کی می آ کا ایک نرم درجہ ہے * اس حالت مین گہوڑے کا ٹمپریچر یعنے اُسکے جسم کی حرارت اکثر ایک سَو چہہ سے ایک سَو سات تک پہنچتی ہے ایک سو آٹہہ تک بہی پائی جاتی ہے اور مویشی مین بارہا ایک سَو نو تک بہی ہو جاتی ہے اِس حالت کو پائی یا پائی رکسی آ کہتے مین اور بعض دفعہ اس مرض مین حرارت قاعدہ کے درجہ سے بہی کم پڑ جاتی ہے -

حاشیہ بنا القیاس سیپ ٹی کی می آ اُسکو بہی کہتے مین یعنے متعدی امراض کی جماعت مین داخل ہے -

---

* The Surgical Fevers, by E. W. Burke, Veterinarian, 1882.

† Koch's "Untersuchungen über die Aetiologie der Wundinfection-skrankheiten" and Report of the Pathological Society, 1878.

پائیس ٹیور صاحب نے ایک نہایت عمدہ ماہیت دریافت کرکے ظاہر
کی ہے کہ جب جانور کنٹیجئیس مرض کے گزور کی ہوئی رطوبت سے اِن آکیو
لیٹ یعنے گودے جاتے ہین تو اُن مین وہ مرض پیدا ہو جاتا ہے مگر وہ مرتے
نہین اور جب اُنکو ایک دفعہ یہہ مرض ہوتاہے تو اُنکو قوی رطوبت سے گودنے پر
یہہ مرض دوبارہ نہین ہوتا ورنہ وہ ہلاک ہو جاتے ۔ صاحب موصوف اِس
خلاصی کا سبب یون بیان فرماتے ہین کہ اس مرض کی بنیاد جانور کے جسم مین
ایسی تبدیلی کرتی ہے کہ مناسب غذائی بنیاد کی پرورش کے لئے نہین رہ جاتی
مگر یہہ اظہار اور زیادہ تحقیقات کے بغیر سپٹک جرمز کے بارہ مین مستعمل نہین
ہو سکتے اِن جرمز یعنے مُہلک تخم کی آمدنی باہر سے ہوتی ہے* اور اِن کو باز
رکھنے کے لئے خمیر پذیر مادہ کو ہوا یا پانی لگنے سے محفوظ رکھین کیونکہ اِن ہی کے ساتھ
یہہ جرمز موجود رہتے ہین ۔

THE BACTERIUM OF SEPTIC INFECTION.

سپٹک اِن فیکشن کا بیک ٹی ری ام

ڈاکٹر کوک صاحب متوطن جرمنی اور ڈاکٹر گرین فیلڈ صاحب ساکنہ ایڈن
برگ نے† ایک خاص قسم کے بیسے سل لُس کا بیان کیا ہے کہ جسکے ذریعہ سے حیوان
متعلق مین سپ ٹی۔ سی۔ می۔ آ۔ کی پیدائش ہوتی ہے اور اِس عارضہ مین
مختلف اقسام کی مائی کروکاک آئی متفرق قسمون کے جانورون مین پائے گئے ہین

* Dr. Heiberg, "Die pyamische und puerperale Prozesse."

† Lectures on the Pathology of Infective and contagious Disease by [illegible] Greenfield, 187[illegible].

گو کہ کئی ایک قسم کے مائی کروکاک آئی بے جرم ثابت کئے گئے ہین تاہم بہت سے ایسے ہین کہ اِن آگیولیشن کے وسیلے جسم مین پیدا ہوتے اور جسم کے باہر تربیت پا سکتے ہین اور کوئی رطوبت اُنکی موجودگی کے بغیر اِس مرض کی سرایت کی طاقت نہین رکھتی۔ ڈاکٹر برڈن سانڈرس صاحب نے* آزمائش کے طور پر بتلایا ہے کہ جس قدر اُس عرق جسکو خون مین داخل کرنا چاہئے بیک ٹی ری آ موجود ہونگے اُسیقدر جانور کے جسم پر اُنکا اثر پیدا ہوگا لیکن ورکو صاحب گو کہ اِس بات کو منظور کرتے ہین† تاہم وہ یون سوچتے ہین کہ اغلب ہے یہہ بیک ٹی ری آ ایک خاص قسم کا زہر یا شیک ڈائی اِس مین پیدا کرتے ہین جس سے جسم پر خلل واقع ہوتا ہے ❖

اگر ہم وٹسے وین اور اِس ٹری کرما جان کی مانند ایک خرگوش کے جسم مین پچکاری کے وسیلہ سے بیک ٹی ری آ شامل کیا ہوا عرق داخل کرکے اُسکو مار ڈالین اور بعد ازان اُسکا خون دوسرے کے جسم مین اور دوسرے کا تیسرے کے جسم مین پچکاری کے ذریعہ سے داخل کرین تو بیک ٹی ری آ کو اُسی طرح بلکہ اُس سے زیادہ تیزی کے ساتھہ متحرک ہوتے دیکھینگے اُنکو کئی ایک پشت تک پیدا کرنے سے اُنکی زہر مین زیادہ تیزی واقع ہوتی ہے اور بار بار کے اِن آگیولیشن یعنے گودنے سے اُنکی شکل اور خاصیت مین تبدیلی نہین ہوتی خون مین متعفن مادہ کے جذب ہوجانے کی یہہ صورتین ہین۔ **اوّل**۔ زخمی سطح۔ **دوم** مادہ کی ناتمام ترتیب۔ **سوم**۔ گرفتہ اور جدید انگور۔ **چہارم**۔ قلب کی کرنا حرکات۔

---

* Lectures on the Infective Processes of Disease, by Dr. Burdon Sanderson, in Brit. Med. Journal, 1877-78.

† Lectures on Infectious Diseases, by Virchow, Translated by Dr. [illegible]

گھوڑے گتّے خرگوش وغیرہ میں آزمایش کے طور پر اُنکی جلد کے نیچے یا خون میں بیک ٹی ریا بھرا ہوا سڑا مواد پچکاری کے وسیلہ سے داخل کرکے سپ ٹی سی می آپیدا کرتے ہیں اور اُن میں یہہ مرض خود بخود اور متعدی طور پر بھی ہوا کرتا ہے خواہ اُنکی جلد یا میوکس سطح کے زخم یا ہضمیت یا سانس کے راہ یا رحم کے اندر کن ٹے جیمن کے جذب ہو جانے سے جو فر کسی راہ سے اندر داخل ہوں مگر اُنکے اندر داخل ہونے کے لیے کسی طرح کا کوئی زخم یا ضرب وغیرہ موجود ہونا چاہیے گو کہ وہ زخم ظاہر نہ ہو - ہمنے مذکورہ بالا جانوروں میں اِسی مرض کو اِن دونوں صورتوں میں ہوتے دیکھا ہے اور ہماری دانست کے بموجب گتّے کے جسم میں اور جانوروں کی نسبت سپ ٹک مادہ کا اثر کم پایدار ہے جسکا ثبوت آزمائشی کرنے کے تجربہ سے ہو چکا ہے گو کہ وے اُس اثر سے بالکل بری نہیں -

یہہ مرض حیوان مطلق میں بموجب تفصیل ذیل کے خود بخود پایا جاتا ہے - اوّل لانگ بونز کے میڈلا یعنے استخوان دراز کے گودے کی سوزش - دوم - فلائٹ بونز یعنے چپٹی ہڈی اور اِرریگیولر بونز یعنے ناہموار ہڈیوں کے ضرر میں جیساکہ زیریں جبڑہ کی ہڈی کے ضرر میں - سوم - دانت کی کیریز یعنی سڑاوٹ میں اور اُنکے مسوڑوں کی پرت اور ایلویولر دیواروں کی بربادی میں - چہارم - ٹربی نیٹڈ بونز کے مرض میں - پنجم - فایبرس ٹشو یعنے ریشہ دار مادہ اور سنوویل سطح کی مرض میں چنانچہ اوپن جائنٹ یعنے جوڑ کے کھل جانے میں - فِس ٹیولس وِیدرز یعنے مذبح کے ناسور میں اور پول ای وِل یعنے سر کے انتہا کے ناسور وغیرہ میں - ششم - سم اور کھر کی سوزش میں بعض دفعہ یہہ مرض رحم کے ضرر کے سبب سے بھی پیدا ہوتا ہے جیساکہ اُسنے بیتری گھوڑی اور کتی میں بعد بچہ پیدا ہونے کے ہوتا ہے کہ جا ایک

گنگرین کا یہہ ایک نتیجہ ہوتا ہے جسطرح پر ہنسے مویشی اور دیگر جانورون مین ہوتے
ہین - اور مرضون کے ساتھہ بھی یہہ مرض لاحق ہوتا ہے خصوصاً کر خاص قسم کے
بخار کے ساتھہ چنانچہ بہرکی چیچک مین رنڈرپیسٹ کنٹیجیس الیفتہ یعنی اوچھڑ
پہ پھوڑا ہے مارا جی کا اور اسٹرانگلز یعنی کوبک اور انفلوئنزا وغیرہ مین

SYMPTOMS.

سمپٹمز یعنی علامات

اگر زخمی جانور مین بیمار پایا جاوے تو یہہ جراح کے لئے ایک برہان ہے کہ زخم مین
ٹراوٹ واقع ہوئی ہے اور اوسکی پیداوار دوران خون مین شامل ہوگئی ہے خواہ
اُس زخم مین بو ہوگئی ہو یا نہ ہوئی ہو یا کے اخیر درجون مین سخت ورم اور پیپ دار
سوزش ہوتی دیکھی ہے مگر یہہ ساتوین دن سے بارہوین دن کے پیشتر شاذ و نادر
دیکھی جاتی ہے خصوصاً جبکہ یہہ مرض موت مین تمام ہوتا ہے بعضے وقت جلد کے
نیچے اور گہرے عضلون مین بھی بڑے بڑے پھوڑے ظاہر ہوتے ہین جو ٹٹولنے
سے پلپلے اور انکے چیرنے سے ایک رقیق پیپ سی رطوبت خارج ہوتی ہے -
ہمیشہ اِس مرض کا دوران سب جانورون مین جسمی حرارت کے تیز عروج
و تنزل کے ذریعہ سے پہچانا جاتا ہے جس حرارت کے باعث تھوڑے ہی عرصہ
مین نہایت ناطاقتی اور بربادی پیدا ہوجاتی ہے اور مریض جلد لاغر ہوجاتا ہے
اور گھوڑون مین لرزہ اور پسینہ بار بار ہوتا رہتا ہے اور پسینہ اکثر کہ لسدار ہو
رہ - نبض جلد اور کم زور شروع مین اکثر قبض شکم لیکن اخیر مین دست
جاری ہوجاتے ہین اور کبھی کبھی یرقان بھی ہوجاتا ہے - بعض دفعہ اس مرض کے

اخیر درجہ مین صحیح ڈلیل کی علامات واقع ہوتی ہین مثلاً عضلات کا پھڑکنا بیہوشی وغیرہ جنکو ہمیشہ ناموافق علامات سمجھتے ہین علاوہ ازین خاص مقاموں یا اعضا مین پھوڑے کے پیدا ہونے سے بھی خاص اقسام کی علامات نمودار ہوتی ہین

THE PATHOLOGY OF PYŒMIA.

پائی میا کا پیتھالوجی یعنی اسکی اصلیت کا بیان

اصطلاح پائی میا سے پیپ کا دوران خون مین شامل ہونا مراد ہے لیکن یہہ غلط اصطلاح ہے کیونکہ کسی شے کے ہمراہ خون مین بیک ٹی ریا داخل ہونے سے ضرور پائی میا پیدا ہو جاتا ہے اور خون مین خاصکر پیپ ہی کا داخل ہونا ضرور نہین بلکہ لاڈے بل پس یعنی صاف پیپ مین پائی میا پیدا کرنے کی طاقت نہین پائی جاتی زمانہ گذشتہ کے حکماء کی یہہ رائے تھی کہ پائی میا رگوں مین تھرام بائی کی پیدائش کے سبب سے ہوتا ہے مگر یہہ رائے اب منسوخ ہو گئی ہے کیونکہ رگوں مین تھرام بائی کی پیدائش کا طریقہ زخموں کے باقاعدہ اندمال ہونے کی حالت مین بھی پایا جاتا ہے اور جو زخمی مرنے کے بعد جو تشریح مین احتیاط کی گئی تو اس سے ثابت ہے کہ نہ تو رگوں کے اندر تھرام بائی کی کلاوٹ اور نہ فلی بائیٹس یعنی رگوں کی سوزش پائی میا کی اصلی علامات ہین گو کہ شاذ و نادر یہہ علامتین موجود ہون۔

بموجب آزمودہ کاری کے یہہ رائے دی جا سکتی ہے کہ رقیق و ثقیل مادہ زخمی حالتون مین بیک ٹی ریا کی افزائش سے بگڑ جاتے ہین سو خون مین جذب ہو کر سارے جسم کی شریانون کے پرتون مین ایک تبدیلی پیدا کرتے ہین جس سے

خون شریان سے خارج ہوجاتا ہے جسکو ایکسٹراوے سیشن کہتے ہین یا خون کی اجزا شریان کے پرتون کے راہ چہن جاتے ہین جسکو ایکسیوڈیشن کہتے ہین اس ناقص خون کے اجزا سے گردونواح کے مادہ کی پرورش مین خلل پہنچنے سے اسمین سوزش اور اسکے نتیجے پیدا ہوتے ہین چنانچہ سپیوریشن وغیرہ اس مرض مین خون کی کیمیاوی اور فعالی تبدیلیان ہوجاتی ہین جو باریک عروق شعریہ مین انسداد پیدا کرتی ہین اور ان رکاوٹون مین کثرت بیکٹی ریا پائے جاتے ہین یہہ رکاوٹین لاحق ہوکر بڑے عروقون مین دوڑ جاتی ہین اور اس طرح پر فی تازہ مقدار کے خون مین پڑنے سے جدید علامتین پیدا ہوا کرتی ہین مثلاً لرزہ بخار وغیرہ۔

PATHOLOGICAL ANATOMY.

پیتھولاجی کل اناٹومی۔ یعنی مریض اعضا کی تشریح کا بیان

اس مرض مین خون کا ناکارہ ہوجانا اور اسمین فضول وائٹ سیلز یعنی سفید ذرے اور فائبرین کی موجودگی ثابت ہے یہہ حالت جسکو سپ ٹی سی می آ کہتے ہین بغیر سکنڈری یعنی بعد کی سوزش کے پیدا ہوسکتی ہے مگر اور صورتون مین گو کہ تبدیلات مذکورہ بالا کی تیزی کم پائی جاتی ہے تاہم انکی صفت ترقی پاتی ہے اس حالت کو پائی می آ کہتے ہین جسمین ڈفیوز اور میٹاس ٹے ٹک انفلامیشن یعنی پھیلنے والی اور منتقل سوزش اور سپیوریشن یعنی پیپ کی پیدائش ہوتی ہین۔

تشریح بعد مرگ کے۔ ہیماریج یعنی جریان خون۔ ان فارکشن یعنی

کسی مادہ کا وہ حصہ جسمین خون کی آمدنی موقوف ہوکر وہ خون سے بیز ہو گیا ہو
کان سالی ڈیٹینشز یعنے انجماد - سافٹ ننگز یعنے ملائمت اور اندرونی اعضا
آبی تھیلیون اور انکا نشوون مین ریم کی پیدائش پائی جاتی ہے اور پیپ وار
مادہ کے گرد نواح کی رگون مین اکثر کلاٹس یعنے منجمد خون بگڑنے کی حالت مین
پارکرتے مین گل کر پتلی پیپ کی شکل ہو جاتا ہے - کلاٹس مذکورہ بالا فائبرن اور
ٹوٹے ہوئے سیلز سے مرکب ہین جو پس سیلز یعنے پیپ کے ذرون سے مشابہت
رکھتے ہین لیکن وہ اصل پس سیلز نہین مگر انکا ایک خاص وصف ہوتا ہے -

جسم کے مختلف حصون مین خانے یا شگاف کیا یعنے زخم معلوم ہوا ہے بھرے ہوئے
پائے جاتے ہین اور دیگر اعضاؤن مین چھوٹے ناڈیولز یعنے دانہ دار ابھار بھی پائے
جاتے ہین - بعضے اس مرض کے گردون کے عضو مین دو اقسام کے ناڈیولز دیکھے
ہین ایک زرد جو ایک سرخ حلقہ سے گھیرا رہتا ہے اور دوسرا سیاہ جو اکثر مُردار برگ
خارج ہو جاتا ہے جسکے سبب سے دراریا شگاف رہ جاتے ہین اُن مقامون مین
جہانپر کام تیزی کے ساتھ دوران کرتا ہے وہان اس مرض مین بیک ٹی ریا پائے
جاتے ہین مثلاً گردون کے گلامرولائی مین اور کلیجے کے لابیولز کی بیچلی رگ کے
قریب اور تیائیرائد گلینڈ وغیرہ مین جہان یہ بیک ٹی ریا ایمبالزم
پیدا کرتے ہین -

TREATMENT.

ٹریٹ مینٹ یعنے علاج

یہ خصوصاً کہ پرسی دین ڈ یعنے باز رکھنے کے قابل اور صحت کنندہ ہونا چاہیے

سپ ٹی کی می آ کا علاج

اِس مرض کا متعدی تاثر اسپنج - اوزار اور خود جراح کے ہاتھوں کے وسیلہ سے بھی دیگر زخموں میں سرایت کر سکتا ہے اسلئے زخموں کی حفاظت اور مریض کے علاج میں مناسب ہے کہ دستور العمل علم الانسداد مرض کو ہمیشہ استعمال کریں بطور معالجہ کے اینٹی سیپٹکس یعنے منفرحات کا استعمال خیال میں رکھیں خصوصاً کہ سپ ٹی کی می آ کے علاج میں جہاں مریض کے جلد مر جانے کا اندیشہ رہتا ہے اِس مرض کی کل حالتوں میں سنکونا اور کونین مفید ہیں آخرین درجہ میں پرکلورائیڈ آف آیرن فائدہ مند ہے جب جانور کو قبض شکم یا جانڈس یعنی یرقان موجود ہو تب سلفیٹ آو مگنیشیا دینا مناسب ہے مقوی چیزیں بھی ہمیشہ دینی چاہئیں۔

لوکل ٹریٹمینٹ یعنی بیرونی یا مقامی علاج۔ جب اِس مرض کا سبب ٹرامیٹک اور سوراخ پذیر ہو تب زخم اور اُسکے گرد و نواح کی صفائی کے لئے مقامی علاج بھی فوراً عمل میں لانا واجب ہے اگر زخم کشادہ ہو تو اُسکو کھولکر فیصدی پانی میں پانچ حصہ کاربالک ایسڈ کی مقدار سے دھو ڈالنا چاہئے اگر مرض تنگ سوراخ کے زخم کے سبب سے ہوا ہو تو ایک پروب یعنے سلائی اُسکے اندر داخل کرکے سوراخ کو کسٹوری سے کشادہ کر دینا چاہئے یہانتک کہ وہ اینٹی سپٹک لوشن کے استعمال کرنے کے قابل ہو جاوے اور انٹی سپٹک ایری گیشن یعنے آب پاشی بھی مفید ہے۔

جب گانٹھیں مستقل ہوں تو اُن پر فلالین کی پٹیاں باندھیں اور اگر ضرورت دیکھیں تو اُن پر گرم سینک کریں مگر ٹھنڈی شے ہرگز نہ لگاویں اگر ریم پیدا ہو کر بیرونی سطح کے قریب آگئی ہو تو شگاف دیکر انٹی سپٹک کا استعمال کریں۔

PROGNOSIS.

پراگ نوسس یعنی پیش گوئی

پی رک سیا یعنی بخار کا تھوڑی دیر پھر کر زیادہ عرصہ تک اتر رہنا صحت یابی کی علامات ہیں اور زیادتی حرارت یعنی شدید بخار کا دیر تک قائم رہنا ایک بری علامت ہے اور اسکی نسبت اسکے لرزہ اور پسینہ کا بار بار جانا کم خوفناک ہے۔

F. 21



Some forms of Septic Bacteria, Micrococci, and Zooglaea masses obtained after cultivation.

چند اقسام کے سیپ ٹک بکٹیریا

ERYSIPELATOUS FEVER.

اے ری سی پے لے ٹس فیور

اے ری سی پے لس جلد کی ایک خاص قسم کی سوزش ہے۔ جو بعض وقت سب کیوٹے نی اس سیلیولر ٹشو تک لاحق ہوتی ہے۔ اور جلد پھیل جاتی ہے۔ اس کو ہندوستان میں سرخ باد کے نام سے مشہور کرتے ہیں اور اسکے ساتھ بخار بھی موجود رہتا ہے
اے کاڈیمی آف میڈیسن کی ایک جلسہ مجلس میں۔ ایم کارنل صاحب نے

بیان کیا کہ ہر ایک کے اے ری سی پے لس یو ایکیپاٹی گروپ میں موجود ہیں
کے نیچے دیکھنے آتا ہے ایک جز مزید موجود رہتا ہے فیہ لی سن اور ڈاکٹر روزن باک
صاحبوں نے اس کو آزمائش کردہ ان کو جی لاٹن میں کلٹی ویٹ یعنی آراستہ کیا ہے۔
یہ گول اور اکثر جوڑے یا سلاسل یا دانہ دار جنس کی جماعت کے
مثال ہوا کرتے ہیں۔ روزن باک صاحب فرماتے ہیں کہ اے ری سی پی لس کے
سٹرپٹوکاکس اور پائی اوجینز اس سٹرپٹوکاکس میں تفاوت
ہے۔ ایم کارنل صاحب کہتے ہیں کہ گو کہ اے ری سی پی لس کے اس سٹرپ
ٹوکاکس اور فلیگ مونس انفلامیشن کے اس سٹرپٹوکاکس کی یکسانی
بخوبی ثابت نہ ہوئی ہے تاہم اے ری سی پی لس کی پیدائش کنک ہو سکتی
لمف بلکہ پلازمہ اور خون میں اس سٹرپٹوکاکس کی موجودگی ثابت ہو چکی
ہے *

اے ری سی پی لس

اپتھ صاحب نے † ان مائی کروکاکس کو مصنوعی طور پر کلٹی ویٹ کیا ہے
بعد میں ان سے خرگوش اور دیگر جانوروں کو گودکر اے ری سی پے لس پیدا کیا ہے۔
فیہ لی سن ‡ صاحب نے تجربہ سے معلوم کیا ہے کہ فی صدی تین حصہ کاربالک ایسڈ
کے سولیوشن اور فی صدی ایک حصہ کروسیو سب لی میٹ یعنی رس کپور
کے سولیوشن سے اس مائی کروکاکس کی جان واری جاتی
ہے۔

* Brit. Med. Journal, 23rd May 1885.

† Archiv. fur exp. Path. Bd. i, 1874.

‡ Die Aetiologie d. Erysipels, 1883.

CHAPTER V.

باب پنجم

TUMOURS.

ٹیومرز

ٹیومر جسم کے ایک مریض اُبھار یا بڑھاؤ کو کہتے ہیں - جو مادہ کی بناوٹ کی
تبدیلی سے پیدا ہوتا ہے اور شکل میں مُدوّر اور صفت پائداری کی رکھتا ہے - اسکی خاصیت
خواہ ہائی پر پلاسٹک یا ہوم آلوگس یعنے یکساں یا ہے ٹراوپلاسٹک
یا ہے ٹرالوگس ہو - جس سے اور ہائی پرٹروفی سے یہ تفاوت ہے کہ اسکی
خاصیت اور صفت نوطرز ہیں - اصطلاح نیوپلاسٹزم اور ٹیومر سے ایک ہی مراد
ہے جب ٹیومر کی جڑ پتلی مثال ٹہنی کے ہوتی ہے تب اس ٹیومر کو پالی پس
کہتے ہیں - بموجب ہسٹالوجی کے ٹیومرز کو اولاً دو اقسام میں تقسیم کرتے ہیں -
یعنے انوسینٹ - یا بے خلل - اور مے لگننٹ یا مُہلک اور بموجب
کلی نیک کے تصور کریں - تو ان دونوں صورتوں کے درمیان کئی متوسط درجے
علے ہذا القیاس اگر تجنیس بیجا دے - تو اسلئے ہم ان نوسینٹ اور مالیگ
ننٹ ٹیومرز کے درمیان کوئی بہت تفاوت تمیز نہیں کرتے - علاوہ اسکے
جو تجربہ کاری میں مصنوعی طور پر کرنا پڑتا ہے - مثلاً فرض کر لیا کہ ایک بی -
ناٹین یا انوسینٹ ٹیومر عرصہ سے موجود ہے تو غالب ہے کہ اس کی

خاصیت مائیل الگینٹ قسم میں تبدیل ہوجاتا ہو کہ اسطرح کی تبدیلی صرف بعض بعض میں ہوتی ہے۔ تاہم جبکہ اس بات کی تسلی ہوتی ہے تو اس ٹیومر کو فوراً جدا کرنا مناسب ہے۔ ان کی تجنیس سے یہ مراد ہے کہ انکی جماعت بندی کریں۔ تاکہ انکو طالب علم ایک دوسری جماعت سے بآسانی امتیاز کریں اور ایک دوسرے کی ہم نسبتی یا اختلاف جلد معلوم کرلیں۔

اِن نوسینٹ ٹیومرز کا ہم یوں امتیاز کرتے ہیں کہ وہ خصوصاً کر این کاپسیولڈ یعنے غلاف دار اور ممکن الحرکت ہوتے ہیں۔ مائیل الگینٹ ٹیومر سے اکثر کہ مادہ فاسد کا انفلٹریشن ثابت ہے۔ ان نوسینٹ ٹیومرز صرف ماؤف مقام پر خلل انداز ہیں اور ان میں مائیل الگینٹ قسم کی تبدیلی شروع ہوگئی ہو تو وہ جسم میں کچھ خلل نہیں ڈالتے۔

مائیل الگینٹ ٹیومرز اپنے پھیلنے کی خاصیت کے سبب بڑی مشکل سے رفع ہوسکتے ہیں۔ کیونکہ اپنے گرد و نواح کے مادہ کو مریض کر دیتے ہیں۔ اور ری کرینٹ یعنے باز گرد ہوتے ہیں۔ تھوڑے یا بہت عرصہ میں خواہ جاذب یا رگوں کے وسیلہ سے مریض کے سارے جسم کو آلودہ کر دیتے ہیں

CLASSIFICATION OF TUMOURS

کلاسی فی کے شن آو ٹیومرز یعنے ٹیومرز کی تجنیس

ایم ولیو صاحب نے ٹیومرز کا این اے ٹامی کل کلاسی فی کے شن یعنے بموجب علم تشریح کی تجنیس کی بنیاد قایم کی تھی اور بلراتھ صاحب اور کئی ایک انگریزی کے جراح انہیں کی رائے بموجب تجنیس مذکورہ بالا کو عمل میں لائے۔ لیکن ایم ایم ولیو اور لی برٹ صاحبوں نے اپنے بعد کی تصنیف میں اقرار کرلیا ہے کہ ممکن ہے کہ ان نوسینٹ قسم کی ٹیومرز مائیل الگینٹ

عضو میں تبدیل ہو جائیں۔ علیٰ ہذا القیاس اب ہم شناخت کرنے کیلئے این
اے ٹامی کل کلاسی فی کے شن کو مشتبہ سمجھتے ہیں اور یہ کہتے
ہیں۔ کہ ان نوسنیٹ ٹیومرز کا ایک قاعدہ یہ ہے کہ جب وہ بہت سے
ہوں۔ تو ان میں مائیل اگنینٹ تبدیلی نہیں ہوتی۔ مگر جب ایک ہی ان
نوسنیٹ ٹیومر عرصہ تک موجود رہے تو غالب ہے کہ وہ مائیل اگنینٹ
قسم کی خاصیت حاصل کریگا۔ اسلئے ان دونوں کے درمیان بہت سے متوسط
درجوں کا ہونا ممکن سمجھ کر ہم ٹیومرز کے فی زی کل کارک ٹراس۔
ٹکس یعنے انکی طبع ذاتی خاصیت یا علامات کے بموجب تجنیس کرنا مناسب
سمجھتے ہیں کیونکہ بہ نسبت اَور طریقوں کے یہ استعمال کے لئے آسان ہے۔
اور پراگ نوسس یعنے پیش گوئی کے لئے ٹیومرز کے کی لی نے کل
صورتوں کے بموجب تجنیس کرنا بہتر ہے۔ مگر جب ان کی شناخت میں شک ہو
تو اُن کی ہسٹالوجی کل خاصیت کی طرف خیال کریں۔

I.—INNOCENT

۱۔ اِن نوسینٹ

- (الف) سِسٹک ...
  - سمپل ...
    - سنگل ...
      - سیبیسس
      - سبے ائومیٹا
      - سینوویئل
      - ڈکیوئٹے ٹی آس
      - میوکس
    - ملٹی پل
  - پرولی فرآس ......
    - اسٹس وی ون رسٹس
    - سالڈ گروتھس وی ڈن سسٹس
- (ب) سالڈ ...
  - فیبائی (لپ وما)
  - فائبرس
    - فائبرو سیلولر
    - فائبرس فیبرو مایاپن وما
  - گلینڈیولر ....
    - اے ڈی نومیٹا
    - لمفومیٹا یا لمفیڈی نومیٹا
  - کارٹی لاجی نس (این کان ڈرومیٹا)
  - آس سیی اس (آس ٹی ومیٹا)
  - واسکیولر (این جی ومیٹا)
  - نروس (نیوروما)
  - مسکیولر (مائی وما)

II.—MALIGNANT.

۲- ملیگنینٹ

(الف) سارکومیٹا
- اسپنڈل سیلڈ سارکوما
  - لارج اور اسمال سپنڈل سیلڈ
  - مےلے ناٹک سارکوما
- آسٹی آئڈ سارکوما
- راؤنڈ سیلڈ سارکوما ...
  - گلائی وما
  - الیوی ولر سارکوما
- مائی ایل آئڈ سارکوما

(ب) کارسی نومیٹا
- اِس کِرس
- این سی فے لائڈ
- کال لائڈ
- اپی تھی لی ال- کانکرائڈ- پرنسانی یا ایپڈرمک- کارسی نوما
  - روڈنٹ السر
  - اسکاریٹکل
  - لوپس یعنے ڈیلی ہاُل-
  - کیلائڈ
  - اِک تھی اوسس

CYSTIC TUMOURS.

سِس ٹک ٹیومرز یعنے رسولیاں

سِس ٹک ٹیومرز صرف ایک ہی یا کئی ایک تھیلیوں سے جو پانی کی مثال رقیق رطوبت سے بھری رہتی ہیں مرکب ہے - یہہ خواہ سمپل یعنے سادہ یا پرولی فرس ہوتے ہیں - یہاں یہہ ذکر کرنا ضرور ہے - کہ ان قسم کی تھیلیاں کئی ایک طرح کے نئے بڑھاؤ کے اندر مہیا ہو سکتے ہیں - جنکی خاصیت ان نوسینٹ اور مالیگنینٹ یعنے دونو اقسام کی ملی ہوئی بھی ہوتی ہیں - چنانچہ آر ڈبلیو برک صاحب نے ایک خاص طرح کا سِس ٹک این کان ڈروما گھوڑے کے زیرین جا بڑے میں ہوتا تعریف کیا ہے - جو دوسرے گھوڑے کے لات مارنے کے سبب سے پیدا ہوا تھا -

1 SIMPLE SEROUS CYST.

(۱) سمپل سیرس سِسٹس - ایسے سسٹ کے اندر سیرم بھرا رہتا ہے مثلاً فوطہ اور سپرماٹک کارڈ کا ہائیڈرو سیل - جب کیڑوں کے وسیلہ سے جگر تلی تشش گردے وغیرہ میں مثال آبلوں کی ہوتا ہے تو انکو ہائی ڈاٹڈز کہتے ہیں -

2. HÆMATOMATA.

(۲) ہیماٹومیٹا - اس طرح کے سسٹ میں خون بھرا ہوا پایا جاتا ہے -

جنکو ہائگروما یا ہائگروسیٹا کے نام سے مشہور کرتے ہیں۔ اور جب غدود کے اندر ہوتا ہے تو جسے ہائگروسیل بولتے ہیں۔ مصنف نے اکثر ایسے ۔ بیسیت کا گھوڑوں میں ہشتائیغل اور سینہ کے پیش پر چوٹ کے سبب سے اور شتر زہ کے کان کی بھیڑ بکری اور کتے کے کان کی اندرونی سطح پر جلد کے نیچے اور گائے کے وسکاشنہ یعنے اندام نہانی میں ہوتے دیکھا ہے۔ ان کو ٹٹولنے سے یہ نرم اور لچیلے معلوم ہوتے ہیں اور اپنے پوری مقدار سے کم و بیش نہیں ہوتے مگر ان کی بناوٹ تبدیل ہو کر فائبرس یعنے ریشہ دار کیل کے رسی اس یا کرمی ٹیشس اور بعد ازاں نہایت سخت بھی ہو جا سکتی ہے۔ ایسا ٹیومر بعض دفعہ عضو کی ساخت میں جیسا کہ جگر اور شش کے اندر خاص قسم کے جما کے سبب سے مثلاً گلانڈرس۔ فائبرس اور میوکس منمبرینز کے نیچے اور عضلوں کے درمیان اور چوٹ کے سبب خانہ دار استخوانی بناوٹ کے اندر بھی چنانچہ گھوڑوں کے فرنٹل سائینس یعنے عظم الجبہ کے خانہ میں ہو جایا کرتا ہے۔ بعض مصنف یوں تصور کرتے ہیں۔ کہ یہ گھوڑ کے کان میں اسکے گردن کے سم پہ ٹھیک ضرور صدمہ پہنچنے سے ہوتا ہے ٭

3. SYNOVIAL CYSTS.

(۳) سینوویئل سسٹس۔ اس قسم میں این لارجڈ برسا کو درج کر چکے ہیں۔ جو اکثر کہ پاؤں کی گانٹھوں کے آس پاس چھوٹی ریشہ دار دیوار کی تھیلیوں میں ہوا کرتا ہے۔ دوسرا گانگلیا۔ جوائنٹس کے میان میں رس کے جمع ہونے سے مثال گانٹھ کی پیدا ہوتا ہے ٭

4. CUTANEOUS CYSTS.

(۴) کیوٹے نی اس سسٹس - یہ کنٹیوژن یعنے کچیٹ کا
ایک نتیجہ ہے - جس حالت میں خفیف سوزش پیدا ہو کر جلد کے نیچے کی خانہ دار
جھلی میں سیرم کا ایفیوژن ہو جاتا ہے - یعنے خون کے اندر سے پانی
چھن کر جمع ہو جاتا ہے - اور یہ سسٹ سیرس ایبسس کے نام
سے بھی مشہور ہے - اور اکثر گھوڑے کے پٹھے اور ران کے اور سینہ کے آگے -
اسٹائیفل اور گھٹنے کے پیش پر ہوا کرتا ہے - مگر جب یہ کہنی کی نوک
پر ہوتا ہے تو اسکو کیپڈ ایلبو یعنے بغلی - اور پائینٹ اف دی
ہاک یعنے گھونچ کی نوک پر کیپڈ ہاک کہتے ہیں - گائے - بھینس -
میں یہ اکثر گھٹنوں کے پیش پر ہوتا ہے - اور کسی کسی ذات کی بھیڑ میں جب ہوتا
ہے - تو تھیلی کے اندر ایک گدلا رطوبت بھرا ہوا پایا جاتا ہے یعنے گھوڑے کی
بغلی اور مویشی کا زانو آہن سردی کے سبب سے ریوماٹیزم کے نتیجہ کے
طور پر بھی ہوتے دیکھا ہے ٭

5. MUCOUS CYSTS.

(۵) میوکس سسٹس - یہ میوکس ممبرین کے گلینڈز یعنے غدودوں
میں رطوبت کے جمع ہو رہنے سے ہوتا ہے - مثلاً لب موہنہ اور ویجائنہ
کے اندر اور لاکٹی فرس ڈکٹس کے بند ہو جانے کی وجہ سے میمری
گلینڈز یعنے حیوانوں میں - کانکریشنز سے بائیل ڈکٹس کے بند ہو جانے
پر پہلا اسی طرح پینکریاٹک ڈکٹ سسٹس پیدا ہوتے ہیں ٭ •

v. PROLIFEROUS CYSTS

(۶) پرولی فرس سسٹس - اس قسم کے سسٹ میں ایک تھیلی کے اندر دوسری - تیسری یا زیادہ تھیلیاں موجود رہتے ہیں - یا ایک تھیلی کے اندرونی سطح سے کسی طرح کا سخت بڑھاؤ ابھر کر تھیلی مذکور کو بھر لیتا ہے ہمنے مویشی کے ششش اور جگر میں اسکی مرگ کے بعد تشریح کے ذریعہ سے چھہ سات انچ کے قطر کے سسٹس دیکھے ہیں جنکے اندر دیگر سسٹس شال آنبوں کے درجہ بدرجہ چھوٹے ایک دوسرے کے اندر موجود تھے جو آدھے انچہ کے قطر تک چھوٹے پڑکر تمام ہوئے اور ہر دو کے درمیان صاف پانی موجود تھا - جب اس قسم کے سسٹس بعض دفعہ گھوڑے کی تلی میں پیدا ہو جاتے ہیں - تو گھوڑا اگلے بائیں پاؤں سے لنگ دینا شروع کر دیتا ہے *

TREATMENT.

ٹریٹمنٹ یعنی علاج

(۱) سمپل سیرس سسٹس - میں - اِن پانی رہے * یا چھوٹا ٹروکار داخل کرکے پانی خارج کر دیتے ہیں *

(۲) ہے ماٹوما میں نشتر سے شگاف دیکر یا جب کان کی اندرونی سطح پر زخم جلد

---

* Endo-Cysts in the Spleen, associated with near fore lameness, by R. W. Burke; Veterinary Journal, 1879.

کے اندر ہوتا ہے۔ تو اسکے اوپر کی جلد کو بائیں ہاتھ کی چٹکی سے اٹھا کر داہنے ہاتھ سے ایک مقراض کے وسیلہ سے چٹکی کے نیچے کی جلد کو آدھے انچ تک کاٹ کر جدا کر دیتے ہیں۔ بعد ازاں اندر کے خون کو دبا کر خارج کر دیتے اور زخم کو باقاعدہ ڈریس کر کے موٹی کی شال پٹی لگا دیتے ہیں تھے کی کا نکی ہے مرکونا میں بعد چیر کر صاف کر دیجے ٹی۔ او۔ ڈو فارم کا لدیکا داخل کرنے سے آٹھ دس روز کے عرصہ میں وہ چنگا ہو گیا ہے ٭

(۳) آین لارجلڈ برسی پر کپڑے اور صابر کی پٹی سے دباوٹ پہنچانے سے فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ اور فرانس کے جراح اکثر ان میں ٹنگچر اف۔ بالوڈین۔ ہائی پوڈرمک سی رنج کے وسیلہ سے داخل کرتے ہیں۔

(۴) کیوٹے نی آس سسٹس۔ میں اکثر جراح نشتر سے شگاف دیکر پانی بہا دیتے ہیں۔ مگر ہمارے رائے میں یہ درست نہیں کیونکہ یہ سسٹس بڑے بڑے ہوتے ہیں۔ اور ان میں شگاف کرنے سے ہوا اندر داخل ہو کر خراش اور ورم پیدا کرتی ہے۔ جس سبب سے وہ بہت دیر سے چنگا ہوتے۔ اور جانور کو زیادہ تکلیف ہوتی ہے۔ اس قسم کے سسٹس جب ران سینہ وغیرہ پر ہوتے ہیں۔ و تین چار ہفتہ میں خود بخود جذب ہو جاتے ہیں۔ اور اگر جذب نہ ہوں تو مدد دینے کیلئے ایپروسیا یوشی اینٹ لوشن کا مالش کرنا واجب ہے۔ اور لوشن مذکور کا بنانا بھی آسان ہے یعنے سفوف نوشادر ایک حصہ سرکہ آٹھ حصہ۔ شراب افوز (ایک حصہ کافور۔ نو حصہ تیز شراب میں حل کیا ہوا) ایک حصہ ملا کر بوتل میں بند رکھو اور مالش کرتے کے وقت بوتل خوب ہلا لو۔ کیپٹ ہاک اور بغلی

† La Clinica Veterinaria, 1885.

کھلتول دبجہ میں جب سوزش موجود رہتی ہے تب انکو گرم پانی سے سیکنا چاہئے اور بعد میں جب اُن کے
اندر پانی اتر آوے تب ان پر آیوڈین یعنے منٹ تھوڑے عرصہ تک دو تین روز بلیا پالش کریں جب وہاں
پپڑیاں پڑ جائیں اور جلد خشک معلوم ہو تب میٹھا تیل لگایا کریں۔ بعد دو تین ہفتہ کے گرم پانی
اور صابون سے جلد کو بخوبی صاف کر ڈالیں۔ اگر اس سے بالکل چنگا نہ ہو جائے
اور مقام ماؤف کی گرمی جاتی رہے تو آیوڈین لینیمینٹ پھر مالش کریں۔
مگر بعض دفعہ بغلی مونہہ کرنا شروع کرتی ہے۔ تب اُس حالت میں شگاف
کرکے اُس کو بہا دینا واجب ہے۔ اور بغلی کے چیرنے یا اُس کے آپ سے بہہ
جانے پر اُس کی حفاظت نہ ہو تو اُس کے انگور بہت بڑھ جاتے ہیں اور اُس میں
ان ڈیوریشن یعنے سختی پیدا ہوتی ہے۔ اس حالت میں بغیر ایکسیشن
یعنے چھری سے باقاعدہ کاٹ کر اُسکو جدا کر دینے کے چنگا نہیں ہوتی۔ مویشی
کے زانوؤں کے اندر ہائی پوڈرمک سی رنج کے وسیلہ سے ٹنکچر آف
آیوڈین داخل کرنا مفید ہے۔ اگر اس سے رفع نہ ہو جاوے۔ تو اُس پر بن
آیوڈائیڈ آف مرکری اینٹمنٹ مالش کریں ۔
(۳) سینوویکس سسٹس میں نشتر سے شگاف کر دینا واجب ہے۔ بعد
ازاں ایک حصہ سفوف سوہاگہ بیس حصہ پانی میں حل کرکے لگائیں۔ اگر اِس
کے ساتھ تھوڑا ٹنکچر آف مر ملا دیا جاوے تو بہتر ہے ۔
(۴) اگر پرولی فرس سسٹس۔ جلد کے نیچے یا بیرونی عضلات کے درمیان
ہو تو اُس کو ایک نشتر سے جدا کر دیں۔ ورنہ اندرونی ہو تو اُس کے لئے جانور
کو آرس نک یعنے سنکھیا۔ آیوڈائیڈ آف پوٹاسیم۔ آیوڈائیڈ
آف آرسنک۔ ہیراکسیس کچلا وغیرہ کم مقدار میں غذا کے ساتھ ہوز

سالڈ ٹیومرز یعنے سخت گلٹیں

1. LIPOMATA, OR FATTY TUMOURS.

(۱) لپ اومیٹا - یا فیٹی ٹیومرز - یہہ ایڈی پوس ٹشو - یعنے
چربیلے مادہ سے شروع ہوتے ہیں اور انکی بناوٹ میں نیم منجمد چربی بھری ہوئی
رہتی ہے - اسلئے یہہ اکثر سب کیوٹے نی اس کنکٹیو ٹشو یعنے جلد کی
نیچے جہاں چربی جمع ہوا کرتی ہے - پیدا ہوتے ہیں - اور بعض دفعہ عضلوں کے
درمیان اور معدہ اور آنت کے سب میوکس ٹشو میں اور [illegible] کے ۔
سینوویل ممبرینز کے نیچے اور دیگر اندرونی اعضاؤں میں بھی پائے جاتے ہیں
علاوہ ازیں یہہ اُن مقاموں پر بھی پیدا ہوتے ہیں - کہ جہاں تندرستی کی حالت
میں چربی نہیں موجود رہتی مثلاً آنکھ کے پپوٹے وغیرہ ہیں ٭

کلی نی کیلی یا بموجب کلی نیک کے بیان نوسینٹ یعنے بے خلل
بڑھاؤ ہیں اور آہستہ آہستہ بڑھتے اور اکثر کر لابیولیٹڈ یعنے لوتھڑوں
میں تقسیم شدہ ہوتے ہیں - تعداد میں ایک اور بعض دفعہ کئی ایک بھی ہوتے
ہیں - گاہ گاہ یہہ بہت بڑے ہو جاتے ہیں اور پھیپھڑوں میں اٹھتالیس سیر کے
وزن تک کے پائے گئے ہیں - ہم نے کتے اور بھیڑ ہی کے معدہ اور آنت کے
سب میوکس ٹشو اور گھوڑے اور گدھے کے پپوٹوں میں ہوتے دیکھا ہے -
مثلاً ایک گھوڑے کے بائیں بالائی پپوٹے میں ہونے پر اپنے وزن کے سبب

چوٹ لگنے کے لگا کر آنکھ کو بند کر رکھا اور آنکھ پر دباوٹ پہنچنے کی وجہ سے اُس
میں خلل واقع ہوا اور ایک گھٹے کے دبنے زیرین ہونٹ پر یہہ پیدا ہو کر آنکھ
کو اسقدر دبا رکھا کہ کرۂ چشم کی اٹروفی ہو کر بینائی جاتی رہی اور اسکی دباوٹ
سے چشمخانہ کے پیش کے نیچے ہڈیاں یعنے عظمان الدمعی اور عظمان الوجنہ
مریض ہو کر گل گئیں۔ علاوہ ازیں ایک جبڑی کے شکم میں یہہ ٹیومر
پیدا ہو کر رفتہ رفتہ اتنا بڑا ہو گیا کہ اُسکی آنت کو ایکطرف ٹیلکر انڈا اسٹل
کیویٹی کے زیادہ حصہ کو چھپا رکھا۔ اور ظاہری علامات ڈراپسی یعنے
جلندھر کے نمودار ہوئیں اور جانور لاغر ہو کر مر گیا۔ اُسکے مرنے کے بعد ٹیومر
کا وزن ۳۰ سیر ثبوت ہو۔ یہہ جب عضلات کے درمیان یا اُنکے فیشیا کے
نیچے پیدا ہوتی ہے تب جانور لنگ دینے لگتا ہے ؛

DIAGNOSIS.

تشخیص

ایسا ٹیومر آہستہ آہستہ بڑھتا ہے اور اسمیں اکثر درد نہیں ہوتا اور اسپر
پر برف یا سرد پانی تھوڑے عرصہ تک لگانے سے یہ ٹٹولنے میں سخت
معلوم ہوتا ہے اور اگر کبرانک ایب سیس کا شک ہو تو اسمیں اکس
پلورنگ نیڈل داخل کرکے تشخیص کر سکتے ہیں ؛

CAUSES.

اسباب

ایسے ٹیومرز مقامی خراش و بارش یا چوٹ کے سبب سے ہوا کرتے ہیں۔

PATHOLOGICAL ANATOMY.

پیتھالاجیکل اناٹومی

لپ اوما ایک محدود چربیلا بڑھاؤ ہے جسکی بناوٹ میں نارمل فاٹی سیلز یعنی اصلی چربی کے کیسے باہم گھ کیسے ہوئے اور کم مقدار کنکٹیو ٹشو سے ملفوف کئے ہوئے پائے جاتے ہیں۔ (دیکھو تصویر نمبر ۲۲)

بعض دفعہ جب انکے گرد کنکٹیو ٹشو کے ریشے زیادہ ہوتے ہیں اور مثل غلاف کے سرپوش کر لیتے ہیں اور اندر کی طرف سیلز کے مابین سپٹا یعنے دیواریں بنا رکھتے ہیں یا سیلز کے مابین زیادہ ریشے پیدا ہوکر ٹیومر کو سختی دیتے ہیں تب اس ٹیومر کو آستی اٹوما یا فائبرو

فیٹی یا بموجب پروفیسر صاحب کے فائبر

لپ اوما کے نام سے مشہور کرتے ہیں۔ اس قسم کی ٹیومر کی شناخت سے پرساتی کا شک بھی ہو سکتا ہے۔ بلکہ آدمی میں جسم پل ڈب روما

اور فائبرس کارسی نوما کا شبہ ہوتا ہے ۔



FIG. 22.—LIPOMA OF THE BITCH.
(From an Original Preparation.)
a—Fat cells imperfectly in focus; b—Fat cells in proper focus; c—Fibrous stroma.

RESULTS.

نتائج

ایسے ٹیومرز میں السریشن یا کیمیکل کے رسی اس انفلٹریشن

ہو جا سکتا ہے اور شاذ و نادر ہڈی میں بھی تبدیل ہو جا سکتا ہے۔

TREATMENT.

علاج

ایکس ٹریپے شن یعنے چھری سے چیر کر جدا کر دینا۔ بعض دفعہ ایک چیر کر جدا کر دینے پھر دوبارہ بڑھ آتا ہے

2. FIBROMATA.

فائبرومیٹا

فبروما کی بناوٹ سفید ریشوں کی ہے۔ جو نارمل فائبرس ٹشو کے مثال ہوتے ہیں۔ ایسے ٹیومر کی شروع حالت میں فائبرز کے ساتھ سیلز ملے ہوئے ہیں اور بعد میں سیلز گم ہو جاتے اور صرف فائبرز یعنے ریشے رہ جاتے ہیں۔ اس لئے بعض مصنف ایسے ٹیومرز کو فائبرس اور فائبرو سیلیولر اقسام میں تقسیم کرتے ہیں۔ مگر یہ تقسیم درست نہیں کیونکہ فائبرو سیلیولر ٹیومر صرف فائبرس ٹیومر کا ابتدائی درجہ ہے۔ فائبرس ٹیومر کی شناخت میں اکثر گراف ٹروفک کارسینوما

FIG. 23.—PEDUNCULATED FIBROUS TUMOUR IN A CAMEL.
(From a Photograph).

سے شبہ پڑجاتا ہے*

ڈلکس اور ماک سن صاحبوں نے اِس بارہ میں یوں راے دی ہے کہ فائبرس ٹیومرز کی شناخت میں اٹروفک کارسینوما کا شک ہونا آسان ہے۔ خصوصاً کہ جب موخر قسم کے ٹیومرز کی بناوٹ میں صرف سفید ریشے ہی پائے جاتے ہیں†

فائبرس ٹیومر اپنے ابتدائی حالت میں مثال حسولی کی ملایم اور چیرنے پر چیلی کی مانند معلوم ہوتا ہے ملایم قسم کے وارٹس یعنے مسے اسی قسم کے ٹیومرز میں شمار کیے جاتے ہیں ان ٹیومرز کی بناوٹ اخیر درجوں میں صرف ریشے دار اور انکی خاصیت سخت اور کسیقدر لچکدار ہوتی ہے۔ بعض دفعہ ایسے ٹیومرز اپنے بیچ کے حصّہ سے ملایم ہونا شروع کرتے۔ اور گل کر ایک قسم کی رطوبت خارج کرتے ہیں تو ایسے السر حالات میں انکو فبروما فنگائیڈیز بولتے ہیں۔ فائبرس ٹیومرز جسم کے کسی حصّہ پر ہوسکتے ہیں مگر گھوڑے میں اکثر کہ شانہ اور سینہ کے پیش پہ گردن کے نیچے اور بعض دفعہ پیروں پر بھی ہوا کرتے ہیں۔ جب پیروں پر ہوتے ہیں تب برساتی کا شک ہوتا ہے۔ خصوصاً اُس حالت میں کہ جب وہ لٹکتی ہیں۔ کتے اور سوار میں ان ٹیومرز کا مقام اکثر کر یوٹرس یعنے رحم میں پایا جاتا ہے۔ وہ جانور جو جلد اور بار بار حاملہ ہوتے ہیں انکے رحم میں یہ ٹیومرز ہو جایا کرتے ہیں۔ بعض اوقات بہت سے ایسے ٹیومرز تمام جسم

* Vide also Brit. Med. Journal. Oct. 13. 1883, p. 716.

† Pathological Anatomy, by Wilx and Moxon, 2nd Edition p 384.

پر ہو جاتے ہیں - چند عرصہ ہوا کہ ہم نے ایک گھوڑے کے بدن پر اس قسم کے اٹھاون ٹیومرز شمار کئے تھے جو اس کے شانہ اور گردن کے مقاموں پر موجود تھے -

بعض دفعہ نہایت ڈھیلے ابھار ابھر کر لٹک پڑتے ہیں - جنکے اوپر کی جلد بھی ڈھیلی اور اس میں سلوٹ پڑے رہتے ہیں - اسکی بناوٹ میں فائبرو سیلولر ٹشو زیادہ پایا جاتا ہے - اور یہہ فائبروما سے مشابہت رکھتے ہیں - مگر یہہ ابھار مشروحاً پے ڈن کیولیٹڈ ٹیومرز نہیں ہوتے ان کو پے کی ڈرمے لوسیل - ڈرمے ٹولی سس وغیرہ کے نام سے مشہور کرتے ہیں - اور ان کی مشابہت تندرست جلد کی شال ہوتی ہے - اور اکثر چوٹ کے سبب سے پیدا ہوتے ہیں - جس باعث سے ہم نے ان کو گھوڑے کی کوہنی کی نوک پر ہوتے دیکھا ہے - بعض میں اس بناوٹ کو خوردبین کے نیچے دیکھنے سے علاوہ اس کی خاص بناوٹ کے اس میں بہت سے ایلاسٹک ٹشو نظر آتے ہیں -

PATHOLOGY OF FIBROMA.

فبروما کا پیتھالوجی یعنے اس کی اصلیت

اس مرض کی پیدایش کے بارہ میں رائے مختلف ہیں بعض مصنفوں نے بیان کیا ہے کہ یہہ جلد کے سی بے شس گلینڈز سے شروع ہوتا ہے - اور بعض سوئٹ گلینڈز سے اس کا شروع ہونا ٹھہراتے ہیں - کتی

سال گزرے کہ جب ڈاکٹر بیل صاحب نے اس مرض کی پیدایش
بجائے فائبرو سیلولر ٹشو کے ہائی پر ٹروفک گروتھ یعنے بڑھاؤ
پر مقرر کیا۔ خصوصاً کہ ٹشو مذکور کے اُس حصہ پر جو ہے آمد
فالی کل کے ڈریک لے آر کی بناوٹ میں پایا جاتا ہے۔



FIG. 23.—STRUCTURE OF FIBROMA FROM POINT OF Shoulder of the Horse.
(From an original preparation.)

ایم ایم کارنل اور رانٹی وی آر صاحبان نے ظاہر کیا ہے۔ کہ

* Pathol. Soc. Trans., Vol. vi, p. 331, 1855.

علاج

کریہانی پرٹروفی خالص فائبرس ٹشو کا ہے
اور اس ٹیومر میں ایلاسٹک فائبرز یعنے لچکیلے ریشے نہایت
کم یا بالکل نہیں پائے جاتے ہیں +

ٹیوبن کے ویٹیرنری سکول کے پروفیسر ری۔ ولیا۔
صاحب نے ایک قسم کے پتلے ری سیالی ٹانگ فائبروما کا بیان کیا
ہے۔ جو خصوصاً کُسم دار جانوروں کے گانٹھوں کے آس پاس اور اکثر کار
پشن پر ہوا کرتے ہیں۔ اور جن میں اس پائی راپ لی واسنس
نے ہمیشہ پائے جاتے ہیں۔ اور یقین کرتے ہیں کہ انہیں کے سبب کر ان
ٹیومرز کی پیدائش ہوتی ہے۔ جو بعض دفعہ بہت بڑے ہو جاتے ہیں اور اکثر
کیل سی فائیڈ۔ یعنے سخت۔ اور گانٹھوں پر دباوٹ پہنچاتے اور جانور کے
پاؤں میں لنگ پیدا کرتے ہیں +

TREATMENT.

علاج

ایسے ٹیومرز کو ایکسیژن یعنے چیر کر نکال دے سکتے ہیں۔ جیسے
ماسکو کے اسکوار موسکی صاحب کے ملائم اقسام کے فائبروما [illegible]

جو بڑے بڑے پیڈن کیولینڈ اور بغیر غلاف کے جلد کے نیچے ہوتے ہیں۔ اور وینیز کے نام سے مشہور ہیں فیصدی دس حصہ کے سولیوشن آف کلورائیڈ آف زنک کے چند قطرہ کے بار بار ان جکشن سے چنگا ہو سکتے ہیں۔ ان جکشن مذکور پانچ یا چھ روز کے فاصلے پر کیا جاتا ہے۔ جسکے سبب سے مقام پر کچھ سوجن اور گرمی پیدا ہوتی ہے۔ مگر سپیوریشن یعنے ریم کی پیدایش نہیں ہوتی۔ اور اگر ٹیومر گھوڑے اور گائے کے بالائی ہونٹ پر ہو تو چار یا پانچ ان جکشنز کے بعد بالکل جاتا رہتا ہے *

3. ADENOMATA.

اے ڈی نومیٹا

ایسے ٹیومرز جسم کے ہر ایک مقام پر جہاں گلینڈ ٹشو یعنے غدود وجود رہتا ہے ہوا کرتے ہیں۔ اور ہر ایک قسم کے جانوروں میں ان کی خاصیت بی نائین یعنے سادہ اور ان کے ای پی تھی لی ایل سیلز تمام ہومالوگس یعنے یکساں ہوتے ہیں۔ اور اسی سبب خاصیت میں ان سے اور کارسینومیٹا سے تفاوت ہے۔ یعنے برخلاف اس کے بعض دفعہ ٹیومرز کی بناوٹ میں ملاوٹ پائی جاتی ہیں۔ تو ان کو اے ڈی نو فائبروما۔ اے ڈی نو لپ اوما اور اے ڈی نو سارکوما وغیرہ قرار دیتے ہیں۔ خوردبین کے نیچے دیکھنے سے اے ڈی نومیٹا کی بناوٹ میں ایک مادہ مثال گلینڈ ٹشو کے نظر آتا ہے۔ ان میں

1 Centralb. fur Chirurg, 20th January 1891.

اے ڈی نومیٹا

ایسی ٹالی یعنے داغ موجود رہتے ہیں - جنکے اندر ایپی تھی لی ام کا استرلگا رہتا ہے اور یہ فائبرس ٹشو کے وسیلہ سے ایک دوسرے سے تقسیم کئے ہوئے ہوتے ہیں - یہہ فائبرس اسٹروما یعنے ریشہ دار ڈھانچہ مختلف مقدار کے ہوتے ہیں - کیونکہ جسم میں جسقدر مختلف اقسام کے گلینڈز پائے جاتے ہیں اسی قدر مختلف اقسام کے اے ڈی نومیٹا بھی نمودار ہوتے ہیں - جنکی تصویر نیچے دکھلائی گئی ہے - ان کا شروع گلینڈز کے جیسے کیپولس یا ٹیوبیولز کے بڑہاؤ اور انکے اندر کے ایپی تھیلیم پرولی فرایشن یعنے نئے ایپی تھیلیم کے پیدا ہونے پر منحصر ہے ●

یہہ ٹیومرز مقدار میں اکثر کبوتر کے انڈے سے مرغی کے انڈے کے برابر ہوا کرتے ہیں مگر گاہ گاہ بڑے بھی ہوتے اور آہستہ آہستہ بڑھتے ہیں - اور ان نوسینٹ یعنے سادہ قسم کے ہوتے ہیں - یعنے بعد میں ان سے کوئی دوسرے قسم کا بڑھاؤ نہیں شروع ہوتا - یہہ اکثر ان گلینڈز کے ساخت سے ملے ہوئے ہوتے ہیں - کہ جن سے ان کی پیدائش ہوتی ہے اور بعضوں میں ایک ریشہ دار غلاف کے وسیلے سے ان سے جدا ہو جاتی ہیں - اے ڈی نومیٹا کی بناوٹ ملائم ہو کر تبدیل ہو جا سکتی ہے - جس حالت میں انکی ایس ای نائی پھیل کر کھوکھلے ہو جاتے ہیں - اور ان میں سسٹس پیدا ہوتے ہیں ●

اے ڈی نومینا

یہ اکثر کر میمری گلینڈز یعنے حیوانہ اور میوکس ممبرین کے

FIG. 25.—ADENOMA OF THE BREAST
(From an Original Preparation.)
a = Acinus lined with columnar cells; b = blood-vessel; c = columnar cells lining a large acinus; d = fibrous stroma containing nuclei.

گلینڈ ٹشو میں ہوا کرتے ہیں۔ جیسا کہ معدہ آنت رحم جو بچانسہ شتاہ مستقیم اور ناک اور فیرنگس کے اندر مثلاً نیزل میوکس پالی پائی وہاں کے میوکس ممبرین کے نیچے کے گلینڈ ٹشو سے پیدا ہو کر میوکس ممبرین کو دھکیل کر مثل ابھار کے ناک کے خانہ میں بڑھا دیتے ہیں ؛

TREATMENT.

علاج

اسما ستنقیم اور ناک کے اندر میوکس پالی پائی کو موچنے یا مقراض یا ایک راڑ ور کے وسیلہ سے جدا کر دیتے اور بعد میں شنگچر فرالی پرکلوریڈائی سے دور کرتے ہیں۔

"GOITRE."

تھائی رائڈ گلینڈ کے ای ڈی ٹو ما کو گائیٹر۔ یا برانکو سیل یعنے گھیگھ کے نام سے مشہور کرتے ہیں۔ یہہ این ڈی مک یا این زو آٹک قسم کا مرض یعنے ایک ضلع علاقہ یا بستی میں بہتیروں کو وہاں کی آب و ہوا کے سبب سے ہو جایا کرتا ہے۔ جیسا کہ بعض پہاڑوں کی ترائی میں۔ جس باعث سے انگریزوں کے ملک میں ڈربی شائر نک کے نام سے مشہور ہے۔ ہندوستان کے ضلع ترہت اور دیسلے آس پاس کے دوسرے علاقوں میں یہہ مرض آدمی اور کتوں اور بکریوں کو بہت ہوا کرتا ہے۔ اور گاہ گاہ گائے بھینس اور گھوڑے کو بھی ہو جاتا ہے اور شاذ و نادر بچے کووں میں بھی دیکھا ہے۔

گائیٹر

بعض مصنف اِس ٹیومر کو اسٹروما کی قسم میں شمار کرتے ہیں ۔



FIG. 26.—ADENOMA OF THE THYROID GLAND OF THE DOG.
(Seen under a low power).
A = Blood vessel ; B = Aceni filled with many layers of cells.
(From an Original Preparation)

RESULTS.

نتیجہ

گائیٹر کی بناوٹ میں اکثر تبدیلی ہو کر سسٹس پیدا ہو جاتے ہیں

گائیٹر

جیسے کلینڈ کے دیسی کلز پھیل کر بائیڈر گر ملجاتے اور اُنکے اندر کا گاڑھا
سیدا رطوبت رقیق ہوجاتا ہے علاوہ ازیں بلڈ اکسٹراوسے سے

FIG. 27.—GOITRE, OR "GHAGAH" IN A CAMEL.
(From a Photograph.)
The goitre was fired by the camelman before the animal was admitted for treatment.

شن ہوکر جذب ہو جاتا ہے۔ مگر اپنی رنگت اُس مقام میں چھوڑ جاتا
ہے کے سی اُس اور فیٹی ڈی جنریشن بھی پُرانے گائیٹرز
میں ہوجایا کرتا ہے۔ اور بعض میں کیل کے ری اُس ڈی جنریشن
ہوکر ٹیومرز کے بناوٹ میں تبدیلی پیدا کر دیتا ہے یہہ مرض گاہ گاہ

گلہڑ کا علاج

اپنی شدید حالت میں انیمیا ہکٹک فیور اور موت میں تمام ہوتا ہے ۔

TREATMENT.

علاج

